14.10.2021

PCLB نے انفارمیشن کمیشن کے حکم سے قبل ہی صوبائی حکومت کی ملکیتی زمین کی معلومات پبلک کردیں، رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013ء کی پاسداری کے پابند ہیں، چیئرمین پی سی ایل بی

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) پنجاب کوآپریٹو لینڈ ڈیولپمنٹ بورڈ (PCLB) نے انفارمیشن کمیشن کے حکم سے قبل ہی لاہور کے موضع ٹھوکر نیاز بیگ میں صوبائی حکومت کی ملکیتی زمین کے حوالے سے معلومات پبلک کردی ہیں۔ چیئرمین پی سی ایل طارق محمود جاوید نے "جنگ" کو بتایا کہ محمد عارف بارا ایڈووکیٹ کی طرف سے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت دی جانے والی درخواست پر مذکورہ معلومات فوری طور پر افشاء کرنے کے احکامات جاری کردیئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ کوآپریٹو اس حوالے سے اپنی رپورٹ 26 اکتوبر کو پنجاب انفارمیشن کمیشن میں پیش کردے گا۔ چیئرمین پی سی ایل طارق محمود جاوید نے کہا کہ کمیشن کے تمام احکامات کی بجا آوری میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کیا جاتا۔ طارق محمود جاوید نے کہا کہ ان کا محکمہ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013ء کی مکمل پاسداری کا پابند ہے۔

Jang
15.10.2021

تمام سرکاری احکامات جاری ہونے کے بعد پبلک پراپرٹی بن جاتے ہیں چیف انفارمیشن کمشنر، خاتون وکیل پر قاتلانہ حملے کے ملزم کو سزا میں معافی کی دستاویزات پبلک کرنے کا حکم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 8 بقیہ نمبر 22

بقیہ | 22 | تمام سرکاری احکامات

کمیشن نے آئی جی جیل خانہ جات کو لاہور کی خاتون وکیل خدیجہ صدیقی پر قاتلانہ حملے کے ملزم شاہ حسین کو سزا میں دی گئی معافی کے حوالے سے تمام دستاویزات 3 دنوں میں پبلک کرنے کا حکم دیا ہے۔ انفارمیشن کمیشن نے کوٹ لکھپت جیل میں خواتین کے خلاف جرائم میں ملوث دوسرے قیدیوں کو پچھلے 5 سال کے دوران سزاؤں میں دی گئی معافی کی تفصیلات بھی فراہم کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ شازیہ محبوب بنام آئی جیل خانہ جات کیس کی سماعت کے دوران اسسٹنٹ اٹارنی جنرل (جوڈیشل) ڈاکٹر قدیر عالم نے تحریری جواب میں رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن ایکٹ کے سیکشن 13(1)(B) کے تحت معلومات فراہم کرنے سے استثناء مانگا۔ انہوں نے کہا پراسیکیوٹ انٹرسٹ کی اس شق کے تحت کسی بھی تفتیش کی ذیلی معلومات اس وقت تک پبلک نہیں کی جاسکتیں جب تک اس کی رضا مندی شامل نہ ہو۔ چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے مذکورہ سیکشن کی تشریح کرتے ہوئے کہا سزاؤں میں معافی کے احکامات حکومت کی طرف سے جاری کئے گئے۔ تمام سرکاری احکامات جاری ہونے کے بعد پبلک پراپرٹی بن جاتے ہیں لہٰذا متعلقہ محکمہ ان دستاویزات کو رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت افشاء کرنے کا پابند ہوتا ہے۔

Pakistan Today News
12.10.2021

PUNJAB INFORMATION COMMISSION SUMMONS PCBL FOR NON-PROVISION OF INFORMATION TO CITIZEN

LAHORE
SHAHAB OMER

THE chief commissioner of Punjab Information Commission (PIC), Mehboob Qadir Shah has issued summons to the chairman of the Punjab Cooperatives Board for Liquidation (PCBL) for not providing the information regarding the land records to the citizen, Pakistan Today learnt.

According to the details, a citizen, Mohammad Azif Bara had requested the PCBL in a written application to provide him the record of all such lands which were situated in Mouza Thokar Niaz Beg and owned by PCBL. However, despite passing the 14 days, the board did not provide any information or record to the citizen. Bara later lodged a complaint with the PIC alleging that the PCBL refused to provide him with the data, on which Chief Commissioner not only summoned the board chairman but also sought an explanation that why the data was not provided to the citizen.

The sources in PCBL informed this scribe that many of the board's lands were occupied by either illegal housing societies or the general public.

"Not only that, but in the past many of the board's lands have been sold illegally. The housing scheme created by the Eden Group under the name Eden Cottages also sold many of land which was owned by the PCBL and obviously this assignment was done with the connivance of the board officials," they claimed. On the other hand, the sources in PIC informed that despite numerous awareness campaigns by the commission, most of the departments in Punjab do not implement the Right to Information Act 2013.

Sources informed that despite the clear orders of the Chief Commissioner, the Punjab Revenue Authority, Punjab Food Authority, Punjab Board of Revenue, Anti-Corruption Establishment, Communication and Works Department and most of the departments still try not to disseminate information to the common man.

"Instead of providing information, these departments either start stating the provisions of their act or provide data that is difficult for the common man to understand. This is not the case with all departments. For example, when a citizen asked Chief Minister Punjab Sardar Usman Buzdar for details of visits and expenses of his helicopters, he handed over the detailed data to the commission without any hesitation. If the Chief Minister has no hesitation in giving public office data, then why don't other departments implement this law?" they lamented.

However, the Chief Commissioner speaking to Pakistan Today said that the purpose of enacting the Right to Information Act 2013 was to fix the system which had been restricting public access to information from the public offices for the last twenty years.

"In the PCBL case, the commission finds that PCBL violated the statutory obligation of responding to citizen with stipulated period in a matter of public importance. There is no doubt that public offices have gradually failed to respond citizens during past 20 years and in this background RTI Act 2013 was promulgated to ensure the responsiveness of public offices which ensure good governance and which remained in practice during early decades after independence. I have summoned the concerned Public Information Officer (PIO) through the Chairman PCBL Lahore with direction to ensure his presence before the commission on Oct 26 along with certified copies of requisite information and also asked for a written explanation as to why citizen was not responded to his RTI application, compelling him to approach the commission," Shah said.

Jang
26.10.2021

ربیع الاول 1443ھ 26 اکتوبر 2021ء کالم 078

جبری تبدیلی مذہب بل 2020 کہاں گم ہو گیا؟ پنجاب انفارمیشن کمیشن کا انکوائری کا حکم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن صفحہ 10 بقیہ نمبر 54

بقیہ	جبری تبدیلی	54

کمیشن نے جبری تبدیلی مذہب کے خلاف بل 2020 کا ریکارڈ نہ ملنے پر ذمہ کاری محکموں کو انکوائری کا حکم دے دیا ہے۔ انفارمیشن کمیشن کی طرف سے یہ احکامات ایک شکایتی سوشل ورکر یوٹا امتیاز کی طرف سے کمیشن میں دائر کئے جانے والے کیس میں رائٹ ٹو انفارمیشن کمیشن ایکٹ کے سیکشن 6 کے تحت جاری کئے ہیں۔ "جنگ" کو ملنے والی دستاویزات کے مطابق سینئر جوزف کالونی، لطیف آباد، حیدرآباد کے رہائشی یوٹا امتیاز نے 28 دسمبر 2020 کو آئین کے آرٹیکل 19 اے اور رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013ء کے تحت سیکرٹری پنجاب اسمبلی کو درخواست دی کہ اسے صوبائی اسمبلی پنجاب میں وزارت انسانی حقوق و اقلیتی امور پنجاب کی جانب سے جبری مذہب تبدیلی کے خلاف جمع کروائے گئے بل 2020 پر اب تک ہونے والی پیش رفت کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں۔

Jang
21.10.2021

پنجاب انفارمیشن کمیشن کا آئی جی جیل خانہ جات کو جیلوں میں قید خواجہ سراؤں کے بارے میں معلومات 3 روز میں پبلک کرنے کا حکم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن صفحہ 15 بقیہ نمبر 28

بقیہ	پنجاب انفارمیشن	28

نے آئی جی جیل خانہ جات کو صوبے بھر کی جیلوں میں قید خواجہ سراؤں کی تعداد اور ان کے لئے بنائی گئی خصوصی بیرکوں سمیت معلومات 3 روز میں پبلک کرنے کا حکم دیا ہے۔ ڈائریکٹر برائے بنیادی حقوق اسلام آباد نے شکایت کی تھی کہ اس کی درخواست پر آئی جی جیل خانہ جات نے معلومات فراہم نہیں کیں۔ آئی جی جیل خانہ جات سے پوچھا گیا تھا کہ ان کے دوران یا سزا ہونے پر کیا خواجہ سراؤں کی جیل میں علیحدہ رجسٹریشن کی جاتی ہے یا پھر دیگر قیدیوں کے ساتھ ہی انہیں بیرکوں میں بند کیا جاتا ہے؟ جیلوں میں بند کرتے وقت ان کی جسمانی تلاشی کے لئے کیا اقدامات کئے جاتے ہیں، بیمار ہونے کی صورت میں ان کے چیک اپ اور علاج کے لئے کیا انتظامات کئے گئے ہیں اور کیا پنجاب کی جیلوں میں لیگل ایڈ کی سہولتیں فراہم کی گئی ہیں؟۔ چیف کمشنر محبوب قادر شاہ نے اپنے حکم نامے میں کہا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ضروری معلومات عوامی اہمیت کی ہیں جو کہ جمع کروانے کی جاسکتی ہیں۔



فیصل آباد، گوجرانوالہ، جہلم، ملتان، ساہیوال، سیالکوٹ، شیخوپورہ میں بھی ہر صبح دستیاب

Daily Takseer Lahore

چیف ایڈیٹر: چوہدری شاہد پرویز کابلوں

روزنامہ

تکشیر لاہور

ایڈیٹر: عمران خان

جلد نمبر 8 | جمعرات 21 اکتوبر 2021ء صفحات 4 قیمت 8 روپے | شمارہ نمبر 241

چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ کا بڑا فیصلہ

سیکرٹری اوقاف کو مزارات کی سالانہ آمدنی افشا کرنے کا حکم

سیکرٹری حاصل شدہ آمدن ویب سائٹ و درخواست گزار کو فراہم کرے

The News
02.11.2021

New lease of 22 petrol pumps giving profit worth crores of rupees

Asif Mehmood

LAHORE: The information made public by the Lahore Development Authority on the orders of the Punjab Information Commission has revealed that the authority is earning profit worth crores of rupees by ending the illegal lease of 22 petrol pumps established on government land and giving them on new lease after bidding. According to documents received by daily Jang, before December 26, 2018, these petrol pumps had been given on an annual lease for Rs 1,882,094, whereas at present the new lease is fetching Rs 342,640,000 annually.

Jang
30.11.2021

BACK

معلومات تک رسائی نہ دینے پر چیف ایگزیکٹو آفیسر اور پی آئی او لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو شوکاز نوٹس

اسٹاف رپورٹر | 04 دسمبر 2021

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن نے معلومات تک رسائی نہ دینے پر چیف ایگزیکٹو آفیسر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور پی آئی او کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا ہے۔ جمیل خاور بنام لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کیس کی گزشتہ روز ہونے والی سماعت کے دوران ایل ڈبلیو ایم سی کے سینئر منیجر کمیونیکیشن اور پی آئی او عمر چودھری اور ادارے کے وکیل واصف اقبال چودھری نے بتایا کہ درخواست گزار جمیل خاور کی طرف سے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کے تحت مانگی گئی 11 معلومات میں سے 5 معلومات فراہم کر دی گئی ہیں جن میں جمیل خاور کا بطور ملازم ایل ڈبلیو ایم سی سروس ایگریمنٹ، تقرری کا لیٹر، درخواست دہندہ کو دیئے گئے تمام شوکاز نوٹس، وارننگ لیٹرز اور درخواست دہندہ کی طرف سے ان کے جوابات شامل ہیں۔ ایل ڈبلیو ایم سی کے وکیل نے انفارمیشن کمیشن سے استدعا کی کہ ادارہ جمیل خاور کی طرف سے مانگے گئے تقرری کی توسیع کے لیٹر، شکایت کی کاپی جس پر اس کے خلاف کارروائی ہوئی، ڈسپلنری کمیٹی کی کارروائی اور اس کو برخاست کرنے کے احکامات، جمیل خاور کے خلاف تمام شہادت اور ایسے تمام قوانین اور ریگولیشنز جن کی بناء پر ڈسپلنری کمیٹی نے برخاست کیا، یہ بھی نہیں کر سکتا اور اس حوالے سے آر آئی آئی قانون کے تحت استثناء پا چکا ہے۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے پاکستان ایل ڈبلیو ایم سی رائٹ ٹو انفارمیشن قانون کو اب تک ذہنی طور پر قبول کرنے کو تیار نہیں۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے ایل ڈبلیو ایم سی کو حکم کو جاری احکامات میں کہا کہ ادارے کو آخری موقع دیا جاتا ہے کہ وہ 9 دسمبر کو پیش ہو کر وضاحت دیں کہ باقی 7 معلومات پبلک نہ کرنے پر انہیں کیوں استثناء نہ دیا جائے۔



Jang
10.12.2021



لاہور میں 22 پٹرول پمپوں کی لیز ختم کر کے نیلام سے ایل ڈی اے کو کروڑوں روپے کا فائدہ، پونے چار ہزار اور 68 ہزار لیز والے پمپ کی سوا چار کروڑ کی بولی دی گئی، LDA کی پبلک کردہ معلومات میں انکشاف

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن کے حکم پر لاہور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی طرف

صفحہ 10 بقیہ نمبر 50

بقیہ		
50	لیز ختم	

سے پبلک کی جانے والی معلومات میں انکشاف ہوا ہے کہ صوبائی وزارت خزانہ حکومت میں اربوں روپے مالیت کی سرکاری زمینوں پر بنائے گئے 22 پٹرول پمپوں کی غیر قانونی لیز ختم کر کے بولی کے ذریعے نئی لیز دینے پر لگنے کو کروڑوں روپے کا فائدہ ہوا۔ 26 دسمبر 2018 سے قبل یہ پٹرول پمپس صرف 18 لاکھ 82 ہزار 94 روپے سالانہ لیز پر دیئے گئے تھے جبکہ اس وقت ان کی سالانہ لیز کی رقم 34 کروڑ 26 لاکھ 40 ہزار روپے سرکاری خزانے میں جمع ہو رہی ہے۔ دستاویزات کے مطابق لبرٹی مارکیٹ میں 2 کنال 2 مرلہ اور 180 مربع فٹ سرکاری زمین پر بنے پٹرول پمپ کو 26 دسمبر 2018 کو 4 کروڑ 27 لاکھ 50 ہزار روپے سالانہ لیز پر دیا گیا۔ اس سے قبل اس کی لیز کی رقم 1994 تک 3 ہزار 736 روپے اور اس کے بعد 68 ہزار 926 روپے سالانہ رہی۔ سوک سنٹر نیو گارڈن ٹاؤن کو 2 کروڑ 77 لاکھ 25 ہزار سالانہ پر دیا گیا جبکہ اس سے قبل حکومت کو لیز کی مد میں سالانہ 1 لاکھ 915 روپے حاصل ہو رہے تھے۔ سوک سنٹر نیو گارڈن ٹاؤن میں ہی ایک دوسرے پٹرول پمپ کی سالانہ لیز 91 ہزار 741 روپے سالانہ تھی جو اب 2 کروڑ 7 لاکھ 75 ہزار روپے ہے۔ جوہر ٹاؤن کے سرکاری پلاٹ نمبر 253 ای پر بنائے گئے پٹرول پمپ کی لیز 91 ہزار 741 سالانہ سے بڑھ کر 1 کروڑ 61 لاکھ 60 ہزار ہو گئی ہے۔ جوہر ٹاؤن کے بلاک آر دن میں پلاٹ نمبر 919 پر پٹرول پمپ کی لیز 15 ہزار سالانہ سے بڑھ کر 1 کروڑ 92 لاکھ 60 ہزار سالانہ ہو گئی ہے۔ جوہر ٹاؤن کے بلاک ایف ٹو کے پلاٹ نمبر 6 اے پٹرول پمپ کو 91 ہزار 741 کی بجائے 1 کروڑ 47 لاکھ 10 ہزار میں لیز پر دیا گیا۔ جوہر ٹاؤن کے بلاک بی تھری کے پلاٹ نمبر 44 کے پٹرول پمپ کو 91 ہزار 741 کی بجائے 1 کروڑ 20 لاکھ، علامہ اقبال ٹاؤن کے کریم بلاک سوک سنٹر میں واقع پٹرول پمپ کو 91 ہزار 741 کی بجائے 2 کروڑ 67 لاکھ 5 ہزار، 18 جہانگیر بلاک اقبال ٹاؤن کے پمپ کو 91 ہزار 1 7 4 روپے سے بڑھا کر 1 کروڑ 50 لاکھ 10 ہزار روپے، 160 چناب بلاک 91 ہزار 741 کی بجائے 1 کروڑ 30 لاکھ 20 ہزار، 22 اے شمیر بلاک اقبال ٹاؤن کو 91 ہزار 741 کی بجائے 1 کروڑ 56 لاکھ 10 ہزار روپے، 123 چناب بلاک اقبال ٹاؤن کو 51 ہزار 741 کی بجائے 1 کروڑ 21 لاکھ 288 نمبر بلاک کو اقبال ٹاؤن 1 لاکھ 915 سے بڑھا کر 1 کروڑ 5 لاکھ 70 ہزار، پلاٹ نمبر 30 بلاک بی فیصل ٹاؤن 91 ہزار 741 سے بڑھا کر 1 کروڑ 74 لاکھ سوک سنٹر نمبر 1 گلشن راوی کو 91 ہزار 741

Jang
07.12.2021



لاہور ٹیکس بار کے ارکان کو آر ٹی آئی قانون کے سفیر بنایا جائے گا

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 12 بقیہ نمبر 5

بقیہ		
5	لاہور ٹیکس بار	

کمیشن لاہور ٹیکس بار کے ساڑھے پانچ ہزار ارکان کو آر ٹی آئی قانون کے سفیر بنائے گا۔ اس سلسلے میں معاہدے پر اگلے چند روز میں دستخط ہوں گے۔ لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر جمیل اختر بھگت، جنرل سیکرٹری سید عرفان حیدر شاہ اور نائب صدر حسیب اللہ خان سمیت 10 رکنی وفد اور چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے معاہدے کے مندرجات پر اتفاق کیا ہے۔ معاہدے کے مطابق لاہور ٹیکس بار کے ارکان بطور آر ٹی آئی ایپلیکیڈر درخواست گزاروں کو درپیش مشکلات کے حل کے لئے بغیر معاوضہ قانونی امداد فراہم کریں گے۔ ٹیکس ایسوسی ایشن ایسے تمام سرکاری محکموں اور پبلک آفیسرز کے سربراہان کے خلاف بھرپور کیس چلائے گی جنہوں نے اپنے محکموں کی ویب سائٹس پر معلومات فراہم نہیں کیں۔ 16 دسمبر کو ٹیکس ہاؤس لاہور میں ٹیکس بار کے زیر اہتمام آر ٹی آئی آگاہی سیمینار ہوگا جس میں وکلاء، سول سوسائٹی کی تنظیموں انسانی حقوق کے کارکنوں کو مدعو کیا جائیگا۔

Jang
08.12.2021



علاقہ ماحولیات میں مختلف صنعتوں اور ہاؤسنگ سکیموں کی NOCs کیلئے 1434 درخواستیں زیر التواء

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 5 بقیہ نمبر 26

بقیہ		
26	زیر التواء	

کمیشن کے حکم پر محکمہ ماحولیات کی جانب سے پبلک کی جانے والی معلومات میں انکشاف ہوا ہے کہ 2016 سے 2021 تک مختلف صنعتوں اور ہاؤسنگ سکیموں نے این او سیز کے لئے 1980 درخواستیں جمع کرائیں جن میں سے 546 صنعتوں کو این او سیز جاری کئے گئے، 1434 درخواستیں زیر التواء ہیں۔ صرف 2018 میں 154 درخواستیں زیر التواء ہیں جبکہ قانون کے مطابق محکمہ ماحولیات کو 120 روز میں فیصلہ کرنا ہوتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ 6 ماہ میں ہر کیس کی تکنیکل منظوری ہو جانی چاہئے۔ دستاویزات کے مطابق محکمہ ماحولیات نے مختلف صنعتوں کی طرف سے 2016 میں این او سیز کے لئے دائر کی گئی سکیموں و درخواستیں بھی زیر التواء رکھی ہوئی ہیں جن کو مسترد کیا جا چکا ہے۔ متعلقہ سکیموں صنعتوں نے بغیر این او سیز کے کام شروع کر رکھا ہے۔ بعض صنعتوں نے کام جاری رکھنے کے لئے ہائیکورٹ سے احکامات جاری کروا رکھے ہیں۔ محکمہ ماحولیات کی طرف سے پبلک کی جانے والی معلومات میں جن 1434 زیر التواء درخواستوں کا ذکر کیا گیا ہے انفارمیشن کمیشن کے احکامات کے پیروکار ہونے کی وجہ سے کمیشن نے اپنے احکامات پر مکمل عملدرآمد ہونے پر ڈپٹی ڈائریکٹر پبلک انفارمیشن آفیسر کو 13 دسمبر کو طلب کر لیا ہے۔

Jang
10.12.2021



پنجاب انفارمیشن کمیشن کا بہاولپور اور لیہ کے ہندو قبرستانوں کیلئے مختص رقبے اور قابضین کی تفصیلات 7 روز میں پبلک کرنے کا حکم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 8 بقیہ نمبر 27

بقیہ		
27	حکم	

کمیشن نے بہاولپور اور لیہ کے ڈپٹی کمشنروں کو ان کے انفارمیشن میں ہندو قبرستانوں / شمشان گھاٹوں کے لئے مختص رقبے کی تفصیلات، وہاں پر تجاوزات کا شکار قابضین اور ہندو مندروں کو پہنچائے گئے نقصان کی تفصیلات 7 روز میں پبلک کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ راجہ نوید اشرف کی طرف سے دائر درخواست پر سرائیکی بیلٹ اتھارٹی بہاولپور اور لیہ ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے ذریعے ہندو قبرستانوں کی حدود کے تعین کے لئے کی گئی کوششوں کی تفصیلات طلب کی گئی تھیں۔ کمیشن نے ہدایت کی کہ ہندو قبرستانوں کی حدود کے تعین کے لئے کی گئی کوششوں کی تفصیلات 7 روز میں پبلک کی جائیں۔ کمیشن کے سامنے پیش ہونے والے ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید عرفان حیدر شاہ نے کہا کہ ہندو اقلیت کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی اظہار ماجرا ایک سنگین معاملہ ہے۔ ڈپٹی کمشنر زاہدہ سراج ایڈووکیٹ نے بتایا کہ انہوں نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور بننے کے بعد اپنے کے قبرستان کے لئے مختص رقبہ کی تفصیل، پچھلے 5 سالوں میں ہندو قبرستان کو فراہم کئے گئے سرکاری فنڈ کی تفصیل، قبرستان پر تجاوزات کا تعین کی تفصیل اور متعلقہ انتظامیہ کی ان کے خلاف قانونی کارروائی کی تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست کی تھی جو کہ نہیں کی گئیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ اوقاف کی تحویل میں دیئے جانے پر ہندو اقلیت کی بعد پر ہندو شمشان گھاٹ کا انتظام ہے۔ پبلک انفارمیشن کمشنر بہاولپور اور لیہ کے ڈپٹی کمشنروں کو حکم دیا کہ وہ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں اور افسران سے معلومات کی معمدہ کارروائی کر کے 7 روز میں ڈپٹی کمشنر فراہم کریں۔ دونوں اضلاع کے پبلک انفارمیشن افسران 23 دسمبر کو کمیشن کے دفتر میں پیش ہو کر بتائیں کہ یہ معلومات ہندو اقلیت کو کیوں نہیں فراہم کی گئیں۔ تاخیر کی وجوہات بھی بتائیں اور ہندو اقلیت کو معلومات فراہم نہ کرنے پر سزا بھی تجویز کریں۔

The News
02.11.2021

Bahawalpur, Layyah

DCs ordered to provide details of Hindu community's encroached property

Asif Mahmood

LAHORE: Punjab Information Commission has ordered the deputy commissioners of Bahawalrpur and Layyah to inform the Hindu community of details of the reserved area for their community's graveyard, besides those encroaching upon the land in seven days.

Hearing the cases pertaining to the right to information, Chief Information Commissioner Mehboob Qadir Shah said violation of the rights of the Hindu minority is a serious matter which involves public interest. During the hearing, complainants Advocate Zahida Siraj and Naveed Anjum Gul said they wrote to deputy commissioners Bahawalpur and Layyah seeking details of the area reserved for graveyard of Hindu community, its boundary wall, government's funding, names of those who had encroached the land meant for the graveyard, efforts of the district administration to reclaim the land and action against the land grabbers. They said they did not receive any reply from the deputy commissioners.

They said that the Hindu community is in the grip of mental agony as their land next to temple worth millions of rupees, was being used as Muslims' graveyard. The land in question was given to the custody of Auqaf Department in both the two districts. At this, the chief information commissioner Punjab ordered DCs Bahawalrpur and Layyah to provide Hindu community with attested copies of the property related information to the minority community. He also directed the public information officers of the two districts to explain to the commission on Dec 23, as to why the information was not provided to the Hindu community in the first place. He warned of imposing penalty to those found guilty of failing to provide information without any substantive reason.

Jang
10.12.2021

پنجاب انفارمیشن کمیشن کا بہاولپور اور لیہ کے ہندو قبرستانوں کیلئے مختص رقبے اور قابضین کی تفصیلات 7 روز میں پبلک کرنے کا حکم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 8 بقیہ نمبر 27

27	حکم	بقیہ

کمیشن نے بہاولپور اور لیہ کے ڈپٹی کمشنروں کو اپنے احکامات میں ہندو قبرستانوں/شمشان گھاٹوں کے لئے مختص رقبے کی تفصیلات، زمینوں پر ناجائز قابضین اور ہندو مندروں کو پہنچائے گئے نقصان کی تفصیلات 7 روز میں پبلک کرنے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ رائٹ ٹو انفارمیشن کے تحت ڈاہو مراج بنام ڈی سی بہاولپور اور نوید انجم گل بنام ڈی سی لیہ کیسوں میں جاری احکامات میں چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے کہا ہے کہ ہندو اقلیت کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی معاشرے کا ایک سنگین معاملہ ہے۔ شکایت کنندہ ڈاہو مراج ایڈووکیٹ نے بتایا کہ انہوں نے ڈپٹی کمشنر بہاولپور میں ہندوؤں کے قبرستان کے لئے مختص رقبہ کی تفصیل، پچھلے 5 سالوں میں ہندو قبرستان کو فراہم کئے گئے سرکاری فنڈ کی تفصیل، قبرستان پر ناجائز قابضین کی تفصیل اور ضلعی انتظامیہ کی ان کے خلاف قانونی کارروائی کی تفصیلات فراہم کرنے کی درخواست کی تھی جو رد کر دی گئی۔ یہ معاملہ محکمہ اوقاف کی توجہ میں لائے جانے پر مذکورہ اضلاع کی بنجر پر اضافی شدہ زمین کا کچھ حصہ واگزار کرا لیا گیا ہے۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے بہاولپور اور لیہ کے ڈپٹی کمشنروں کو حکم دیا کہ وہ ان کیسز سے متعلقہ معلومات درخواست گزاروں کو مفت فراہم کریں۔ دونوں اضلاع کے پبلک انفارمیشن افسران 23 دسمبر کو کمشنر سے ویڈیو لنک پر ذاتی حاضر ہو کر یہ معلومات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائیں گے۔ بصورت دیگر متعلقہ افسران کے خلاف تعزیری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

The News
11.12.2021

'Cabinet meeting minutes not secret under RTI'

Asif Mahmood

LAHORE: The Punjab Information Commission, pronouncing its historic decision, has told the Punjab government that it cannot keep secret the provincial cabinet meeting minutes under Article 19-A of the Constitution and the Right to Information (RTI) Act 2013.

It declared that Section 24 of the RTI Act enjoyed the supersedural effect on Rule 31 of the Punjab Rules of Business 2011, under which the cabinet meeting proceedings and any talk held there were deemed to be secret.

Giving a verdict in the Muhammad Rafique Vs. S&GAD case, Chief Information Commissioner Mehboob Qadir Shah said "the cabinet makes decisions about the public welfare which cannot be kept secret from people at any case". The decision said keeping cabinet meeting proceedings secret was denial of democracy, which is defined as "a government of the people, for the people, and by the people". The commission said in its verdict that the enactment of RTI Act 2013 had rendered the Official Secret Act 1923 ineffective practically as the new law orders all public bodies to make all information public if sought under the Right to Information Act.

The decision said the imperialistic government consisted of foreigners and they enacted the Official Secret Act 1023 to keep all official information, even about the public, secret from people. It said as the people of Pakistan are free now, therefore they have the right to know all information, available with the government departments and the public bodies. The commission said in its verdict that any government attempt to keep secret the

Continued on page 8

The News
13.12.2021

Lahore DC issued show-cause notice under RTI Act

Asif Mahmood

LAHORE: The Punjab Information Commission has issued a show-cause notice to the Lahore deputy commissioner for not making public details about the meetings, held for issuing no objection certificates (NOCs) for establishment of petrol pumps, and other related information.

While hearing a Shamaila Irfan Vs. DC Lahore case, Chief Commissioner Mahboob Qadir Shah remarked that if a public information officer did not perform his duty diligently, the head of department would be responsible for non-implementation of the Right to Information (RTI) Act and its consequences.

The Lahore DC has been asked to explain why the required information was not made public despite passage of 100 days.

The DC has been directed to ensure in-person appearance of his public information officer in the Information Commission offices on Dec 15 to explain the reasons for not providing the required information, and furnish the commission orders implementation report.

The chief information commissioner has also sent a copy of the notice to the head of provincial committee for implementation of the RTI Act, additional chief secretary (S&GAD) so that he could look into the matter personally and get the law implemented.

Jang 17.12.2021

رائٹ ٹو انفارمیشن ریاست مدینہ کی تشکیل کیلئے ناگزیر ہے، محبوب قادر شاہ

پنجاب انفارمیشن کمیشن نے پبلک سماعت کے دوران ڈی سی لیہ کو طلب، چیف انفارمیشن کمشنر

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) چیف انفارمیشن کمشنر پنجاب محبوب قادر شاہ نے سرکاری محکموں کی طرف سے معلومات از خود افشاء کرنے کے

صفحہ 10 بقیہ نمبر 5

5	محبوب قادر شاہ	بقیہ

نظام میں سست روی پر مایوسی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ رائٹ ٹو انفارمیشن ریاست مدینہ کی تشکیل کے لئے ناگزیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز لاہور پریس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام "رائٹ ٹو انفارمیشن" کے عنوان سے منعقدہ آگاہی سیمینار میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آر ٹی آئی کو سیاسی قیادت کی بجائے بیوروکریسی سے خطرہ ہے۔ عوامی اہمیت کی حامل کسی بھی انفارمیشن کا حصول ہر شہری کا بنیادی حق ہے۔ محبوب قادر شاہ نے کہا کہ ہر ڈیپارٹمنٹ کا نمائندہ 14 دن کے اندر انفارمیشن فراہم کرنے کا پابند ہے۔ انہوں نے کہا کہ جناح کے پاکستان کی تشکیل آر ٹی آئی کے بغیر ممکن نہیں۔ پنجاب انفارمیشن کمیشن نے پبلک انفارمیشن افسران کو شوکاز الاؤنس اور خود طلبی دینے کے لئے محکموں کو احکامات جاری کر دیئے ہیں۔ قبل ازیں لاہور پریس بار کے صدر جمیل اختر بیگ نائب صدر حبیب اللہ خان اور جوائنٹ سیکرٹری نذیر آصف کھوکھر نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ محبوب قادر شاہ نے لاہور پریس بار ایسوسی ایشن کے دفتر میں انفارمیشن کے حصول کے لئے بنائے گئے فرینڈ ڈیسک کا افتتاح بھی کیا۔

City 42 17.12.2021



ٹیکس بار کی تقریب میں بہترین کارکردگی پر ڈی جی آر کے سنٹر ریجنل ڈائریکٹر رضوان نقوی کو شیلڈ پیش کی جا رہی ہے

لاہور ٹیکس بار کے زیر اہتمام "رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ" سیمینار

ادارے چودہ دن میں معلومات فراہم کرنے کے پابند ہیں، چیف انفارمیشن کمشنر

اے پی پی (رضوان نقوی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام "رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ" سے متعلق آگاہی سیمینار، چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ کہتے ہیں کہ کسی بھی سرکاری دفتر کی معلومات تک رسائی حاصل کرنا عوام کا استحقاق ہے۔ ادارے چودہ دن میں معلومات فراہم کرنے کے پابند جنرل سیکرٹری عرفان حیدر شاہ نائب صدر ایڈووکیٹ حبیب اللہ خان قدیر آصف کھوکھر، بختیر ملک سمیت بار ممبران کی کثیر تعداد سیمینار میں شریک ہوئی۔ صدر جمیل اختر بیگ نے کہا لاہور ٹیکس بار میں معلومات کے حصول کیلئے پنجاب انفارمیشن کمیشن کا سیونتاق ڈیسک بھی قائم کر دیا گیا، اس موقع پر سیٹیا خواہشگان کو ایوارڈ دیے گئے۔

Jang 23.12.2021

BACK

دنیا بھر میں ترقی معلومات تک رسائی پر منحصر ہے، محبوب قادر شاہ

اسٹاف رپورٹر | 23 دسمبر 2021

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) چیف انفارمیشن کمشنر پنجاب سید محبوب قادر شاہ نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں ترقی معلومات تک رسائی پر منحصر ہے۔ کامیاب وکلاء، بزنس مین اور اساتذہ وہی ہیں جو بہت زیادہ انفارمیشن رکھتے ہے۔ ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام معلومات تک رسائی" سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے سید محبوب قادر شاہ نے وکلاء کو پنجاب انفارمیشن کمیشن کی عوامی اہمیت کے متعلق مکمل آگاہی دیتے ہوئے وکلاء کو بتایا کہ ہر شہری ترقیاتی کاموں، فنڈز سمیت فیزبل اور پنجاب کے تمام محکموں سے معلومات اصل کر سکتا ہے۔ معلومات فراہم نہ کرنے پر پنجاب انفارمیشن کمیشن 30 دن کے اندر اندر رپورٹ فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سیمینار کے اختتام پر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر خالد حسین قریشی، جنرل سیکرٹری سید ارتضیٰ حسن بخاری، نائب صدر میر خان پاشا نے چیف انفارمیشن پنجاب کمشنر پنجاب سید محبوب شاہ کو ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کی لائف ممبر سرٹیفکیٹ اور یادگاری پلیٹ پیش کی۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے سینئر وکلاء کی خدمات کے اعتراف میں شیلڈز تقسیم کیں۔

The News 27.12.2021

BACK

INTERNATIONAL THE NEWS

Officer fined Rs50,000 for violating RTI law

asif mahmood Monday, Dec 27, 2021

LAHORE: The Punjab Information Commission has imposed Rs50,000 fine on Pindi Bhattian Municipal Committee Chief Officer Athar Majeed for not giving access to official information in violation of the Right to Information (RTI) Act. The Information Commission directed district accounts officer Hafizabad to deduct the fine amount from the salary of the chief officer and submit a report to the Commission in seven days. Chief Commissioner Mahboob Qadir Shah said the applicant, Zafar, a resident of Pindi Bhattian, had applied for provision of certified copies of approval of housing colonies in his town, which had not been provided despite lapse of six months. The chief information commissioner said in his decision that Athar Majeed committed violation of the RTI by not implementing the orders despite issuance of two notices to him.

Jang 29.12.2021

جنگ

BACK

پنجاب انفارمیشن کمیشن، شہری کو معلومات فراہم نہ کرنے پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں کو 50 ہزار روپے جرمانہ

اسٹاف رپورٹر | 27 دسمبر 2021

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن نے معلومات تک رسائی نہ دینے پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں کو 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنادی ہے۔ انفارمیشن کمیشن نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر حافظ آباد کو حکم دیا ہے کہ جرمانے کی رقم چیف آفیسر کی تنخواہ سے کاٹ کر 30 دن کے اندر کمیشن کو رپورٹ کرے۔ پنڈی بھٹیاں ضلع حافظ آباد کے رہائشی ظفر نے پنڈی بھٹیاں میں بننے والی ڈبلیو سنگ کالونیوں کے اپروول لیٹر، منظور شدہ نقشے، آؤٹ پلان، انگریمنٹ اور دیگر قانونی منظوریوں کی مصدقہ نقول مانگی تھیں جو 6 ماہ گزرنے کے باوجود اسے فراہم نہیں کی گئیں۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے اپنے فیصلے میں کہا کہ بطور میونسپل کمیٹی پنڈی بھٹیاں کے چیف آفیسر اظہر مجید نے کمیشن کی طرف سے دو نوٹسز جاری ہونے کے باوجود احکامات پر عملدرآمد نہ کرکے رائٹ ٹو انفارمیشن قانون کی سنگین خلاف ورزی کی ہے۔ کمیشن نے چیف آفیسر پنڈی بھٹیاں سے بذریعہ ٹیلی فون رابطہ کرنے کی کوشش کی لیکن انہوں نے کال اٹینڈ کرنا بند کردی۔ کسی افسر کی طرف سے اس طرح کا غیر ذمہ دارانہ رویہ پہلے کبھی دیکھنے میں نہیں آیا۔ بغیر کسی وجہ کے 6 ماہ تک پبلک انفارمیشن کو رد کے رکھنے پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اظہر مجید کو رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013ء کے سیکشن 15 کے تحت 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنائی جاتی ہے۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کو حکم دیا کہ وہ آر ٹی آئی کے سیکشن 6(5) کے تحت اس معاملے کو خود دیکھیں اور یقینی بنائیں کہ مطلوبہ معلومات کی مصدقہ نقول شکایت کنندہ ظفر کو فراہم کی جائیں۔

Jang 30.12.2021

جبری مشقت، نوکری کا جھانسہ جسم فروشی اور دھوکہ دیکر بھیک منگوانے کی غرض سے ایک سے دوسرے شہر منتقل کرنے پر 3 سالوں کے دوران صرف 8 مقدمات درج

لاہور (آصف محمود سے) انفارمیشن کمیشن صفحہ 6 بقیہ نمبر 79

بقیہ	مقدمات درج	79

کے حکم پر پنجاب پولیس کی طرف سے پبلک کی جانے والی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ پاکستان اور خصوصی طور پر پنجاب میں جبری مشقت، نوکری کا جھانسہ، جسم فروشی اور ان کی مرضی کے بغیر دھوکہ دیکر بھیک منگوانے کی غرض سے ایک سے دوسرے شہر منتقل کرنے (انٹرنل ٹریفکنگ) پر گزشتہ 3 سالوں کے دوران صرف 8 مقدمات درج کیے گئے۔ "جنگ" کو ملنے والے دستاویزات کے مطابق 2019 کے دوران پنجاب بھر میں صرف ایک کیس جس کا ایف آئی آر نمبر 686/19 ہے تھانہ وارث خان راولپنڈی میں درج کیا گیا۔

Nawaiwaqt 29.12.2021

پنجاب انفارمیشن کمشن کا چیف آفیسر پنڈی بھٹیاں کو 50 ہزار روپے جرمانہ

حافظ آباد (نمائندہ نوائے وقت+نمائندہ خصوصی+نامہ نگار) پنجاب انفارمیشن کمیشن نے شہری کو مطلوبہ انفارمیشن نہ دینے پر چیف آفیسر پنڈی بھٹیاں اظہر مجید کو پچاس ہزار روپے پینلٹی ڈالتے ہوئے انکی تنخواہ سے مذکورہ رقوم کی کٹوتی کرنے کا حکم دیا ہے مزید برآں کمیشن نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفیسر کو ہدایت کی ہے کہ وہ چیف آفیسر کی تنخواہ سے پچاس ہزار روپے پینلٹی کی رقم کٹوتی کر کے کمیشن کو ایک ہفتہ کے اندر


روزنامہ نوائے وقت اسلام آباد
DAILY NUDRAT
ABC Certified
Dailynudrat@gmail.com
www.dnnewshd.com
جلد 03 | 27 نومبر 2021 | 22 ربیع الاول 1443 | ہفتہ | 04 لیٹ 05 بے پہ | شمارہ 97

شہری کو انفارمیشن نہ دینے پر پی ایم سی کمیٹی انفارمیشن آفیسر مجید کو 50000 جرمانہ عائد

راولپنڈی انفارمیشن ایکٹ کے تحت عام شہری کو انفارمیشن نہ دینے پر پی ایم سی کمیٹی انفارمیشن آفیسر مجید کو 50000 روپے جرمانہ عائد کیا۔


روزنامہ اساس راولپنڈی
ABC CERTIFIED
جلد 28 شمارہ 354 | منگل 23 جمادی الاول 1443ھ 28 نومبر 12.2021ء

ٹیکس دہندگان کے مسائل حل کرنے کیلئے وفاقی کمسٹر اتھارٹیز


روزنامہ جنگ لاہور
THE DAILY JANG LAHORE
جلد 43 | 23 جمادی الاول 1443ھ 28 نومبر 14.2021ء

ٹیکس پارٹنران بطور سفیر انفارمیشن کمیشن فرائض سرانجام دینگے


روزنامہ مشرق
سچ اور سچ کے سوا کچھ نہیں!
ABC CERTIFIED

ٹیکس پارٹنران بطور سفیر انفارمیشن کمیشن فرائض سرانجام دینگے


روزنامہ عظمت لاہور
Daily AZMAT Lahore
ABC CERTIFIED


روزنامہ طاقت
DAILY TAQAT
A PUBLICATION OF AZM MEDIA GROUP

عام شہری کو انفارمیشن نہ دینے پر پی ایم سی کمیٹی کو جرمانہ





روزنامہ سٹی ٹائمز گوجرانوالہ
DAILY CITY TIMES

حافظ آباد شہری کو معلومات فراہم کرنیوالے افسر کو 50 ہزار جرمانہ


روزنامہ لیڈر لاہور
DAILY LEADER

حافظ آباد انفارمیشن آفیسر کو 50 ہزار جرمانہ

Jang 07.01.2022



پنجاب انفارمیشن کمیشن بہاولپور میں ہندو کمیونٹی کے قبرستانوں کیلئے مختص زمینوں پر قبضوں کی مبہم اور نامکمل رپورٹ پیش کرنے پر برہم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 13 بقیہ نمبر 31

بقیہ	پنجاب انفارمیشن	31

کمیشن نے ضلع بہاولپور میں ہندو کمیونٹی کی زمینوں اور قبرستان کے لئے مختص زمینوں ناجائز قبضوں اور تجاوزات کے حوالے سے مبہم اور نامکمل رپورٹ پیش کرنے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مطلوبہ معلومات 10 جنوری 2022 تک پبلک نہ کی گئیں تو ڈپٹی کمشنر کو طلب کیا جائے گا۔



ہر خبر ندرت وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے منظر شدہ اشاعت ہر خبر مستند

Dailynudrat@gmail.com

www.dnnewshd.com

ABC certified

روزنامہ DAILY NUDRAT اسلام آباد

ندرت

جلد: 03 | 27 دسمبر 22,2021 جمادی الاول 1443ھ | شمارہ 04 | قیمت 05 روپے | شمارہ 97

شہری کو انفارمیشن نہ دینے پر سی او ایجوکیشنل کمیٹی اظہر مجید کو 50000 جرمانہ عائد

رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت عام شہری کو انفارمیشن نہ دینے پر سی او ایجوکیشنل کمیٹی اظہر مجید کو 50000 جرمانہ عائد

بھلیاں: ایبٹ آباد بنچ (تفصیلات کے مطابق رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت عام شہری کو انفارمیشن نہ دینے پر سی او ایجوکیشنل کمیٹی اظہر مجید کو 50000 جرمانہ عائد عام شہری نے درخواست برائے حصول ریکارڈ بذریعہ قانون ڈی جنرل فنانس اینڈ رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 کے تحت پبلک انفارمیشن آفیسر میونسپل کارپوریشن بھلیاں کو درخواست دائر کی کہ سائل تفصیل بھلیاں ضلع حافظ آباد کا رہائشی ہے اور محب وطن زمہ دار شہری ہے، اور سائل کو قانون مندرجہ بالا کے تحت درج ذیل ریکارڈ/معلومات درکار ہیں، جو کہ میرا کرنا جناب کی قانونی زمہ داری ہے: نمبر 1 ایبٹ روڈ پلازہ 2 ایبٹ روڈ پلان ایکریمنٹ ورکنگ ریکارڈ بابت "اتفاق گارڈن" مزید تفصیل کیلئے بھلیاں نمبر 2 ایبٹ روڈ لیز نقشہ منظور شدہ، دیگر دستاویزات و ریکارڈ "ایلم گارڈن" مزید کچہری بھلیاں نمبر 3 متعلقہ بالا ریکارڈ "مدینہ ویلی" چیئرٹ روڈ بھلیاں نمبر 4 "بلال ٹاؤن" لاہور روڈ بھلیاں نمبر 5 شریف سٹی نزد ویو پوائنٹ کالج بند روڈ بھلیاں نمبر 6 شہزاد انٹرپرائز الحفیظ کالونی مزید بازگر چوک بلال پور بھلیاں نمبر 7 گرین سٹی "بلال پور" بھلیاں عام شہری کو ریکارڈ فراہم نہ کرنے پر رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت سی او ایجوکیشنل کمیٹی بھلیاں اظہر مجید کو ایکٹ کی خلاف کرتے ہوئے محبوب قادر شاہ چیف انفارمیشن کمیشنر نے 50000 روپے جرمانہ عائد کیا۔



روزنامہ نوائے وقت لاہور

DAILY NAWA-E-WAQT LAHORE

04236302090

ڈی سی نوٹس

بقیہ	39

پر آنے والی الاٹ اور حکومت کی جانب سے منظوری اور مقررہ وقت سمیت دیگر معلومات فراہم کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے 14 روز گزرنے کے باوجود شہری کو مطلوبہ معلومات فراہم نہ کیں جس پر چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ کو تحریری درخواست دائر کی ہے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سمیت تمام معلومات شہری کو فراہم نہیں کریں گے تو انہیں قانون کے مطابق سات ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ دانیال میر ایڈووکیٹ کا کہنا ہے کہ انتظامیہ نے تمام شاہراہوں کو اکھاڑ دیا ہے۔

Jang 14.01.2022

پنجاب انفارمیشن کمیشن: امیدوار کو جوابی کاپیوں کی مصدقہ نقول فراہم نہ کرنے پر PPSC کے ڈائریکٹر لاء و پبلک انفارمیشن آفیسر کو 25 ہزار روپے جرمانہ

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 15 بقیہ نمبر 30

بقیہ	پنجاب انفارمیشن کمیشن	30

کمیشن نے پبلک سروس کمیشن کے امتحان میں ناکام ہونے والے امیدوار کو حل شدہ جوابی کاپیوں کی مصدقہ نقول فراہم نہ کرنے پر پی پی ایس سی کے ڈائریکٹر لاء و پبلک انفارمیشن آفیسر کو 25 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی ہے۔ شکایت کنندہ جہانزیب لودھی نے چیف آفیسر کی اسامی کے لئے پبلک سروس کمیشن کا امتحان دیا جس میں وہ ناکام رہا۔ حل شدہ پرچوں میں ہونے والی مبینہ مارکنگ کی نشاندہی پر رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت حل شدہ جوابی کاپیوں کی مصدقہ نقول کی فراہمی کے لیے پی پی ایس سی کو درخواست دی جسے ممبر انچارج ریویو طیب نے مسترد کر دیا۔ چیئرمین کمیشن کو اپیل کی تو اسے بھی خارج کر دیا گیا۔ جس کے بعد جہانزیب لودھی نے پنجاب انفارمیشن کمیشن میں شکایت درج کرائی۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے کہا کہ پی پی ایس سی کے ڈائریکٹر لاء اور پبلک انفارمیشن آفیسر میاں محمد اقبال کا بنیادی زور حل شدہ جوابی پیپرز کے انشاء کی اجازت دینے میں دشواری یا ناقابل عمل ہونے پر رہا ہے۔ اس سے پہلے دونوں فیصلوں میں یہی موقف اختیار کیا گیا ہے کہ جوابی پیپرز کا سرٹیفائڈ ہیں اور انہیں پبلک نہیں کیا جا سکتا۔

Jang 18.01.2022

ڈی سی لیہ کے معلومات فراہم نہ کرنے پر چیف انفارمیشن کمشنر کی چیف سیکرٹری کو اپنا کردار ادا کرنے کی ہدایت

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن نے ڈی سی لیہ کی طرف سے مندروں اور

صفحہ 6 بقیہ نمبر 24

بقیہ	ڈی سی لیہ	24

ہندو اقلیتوں کے لئے مختص زمینوں پر ناجائز قبضوں اور قابضین کی معلومات فراہم نہ کرنے پر چیف سیکرٹری کو مذکورہ معلومات کی فراہمی میں اپنا کردار ادا کرنے کی ہدایت کی ہے۔ چیف کمشنر محبوب قادر شاہ نے ندیم انجم بنام ڈی سی لیہ اور زاہدہ سراج بنام ڈی سی بہاولپور کیسوں کی اپیلوں میں جاری احکامات میں کہا ہے کہ ڈپٹی کمشنر بہاولپور کا کمیشن کے ان احکامات پر عملدرآمد قابل تعریف ہے لیکن ڈی سی لیہ نے پہلے تو کمیشن کے احکامات پر کوئی جواب ہی نہیں دیا جس پر کمیشن کی طرف سے انہیں شوکاز نوٹس جاری کیا گیا جس پر ڈی سی نے اپنے اسسٹنٹ کمشنر کے ہاتھ ایک خط بھیجا جس میں کہا گیا کہ طلب کردہ اہم اور حساس معلومات اسلام آباد میں وزارت مذہبی امور کے پاس ہیں حالانکہ ضلع لیہ میں سرکاری جائیدادوں سے حاصل ہونے والی

دان اور ان جائیدادوں کے حوالے سے علومات ڈی سی لیہ کے دائرہ کار میں آتی ہیں۔ ی سی لیہ نے معلومات فراہم کرنے سے جان چھڑ کر گریز کیا ہے۔ چیف انفارمیشن کمشنر نے یف سیکرٹری پنجاب سے کہا کہ وہ رائٹ ٹو فارمیشن ایکٹ 2013ء پر عملدرآمد کے



THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

بانی: میر خلیل الرحمٰن

جلد 43 | جمعۃ المبارک 3 جمادی الثانی 1443ھ 07 جنوری 2022ء 24 پوہ 2078ب | شمارہ 86

صفحات 12 قیمت 20 روپے

پی ٹی آئی کا منشور کرپشن کے خلاف جنگ ہے: حسان خاور

لاہور (اپنے نامہ نگار سے) وزیراعظم کے معاون خصوصی حسان خاور نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا منشور کرپشن کے خلاف

صفحہ 8 بقیہ نمبر 36

بقیہ	حسان خاور	36

جنگ ہے عمران خان ہمیشہ کہتے ہیں کہ "آر پی آئی پاکستان کا مستقبل ہے اور یہ سسٹم کو کا توڑ ہے" ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز الحمراء میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

The News 08.01.2022

Punjab CS asked to provide info about occupied minority lands

Asif Mahmood

LAHORE: The Punjab Information Commission has asked provincial chief secretary (CS) to play his role after deputy commissioner (DC) Layyah failed to provide information about illegally occupants and the occupied temples and lands specified for the minorities, under the Right To Information (RTI) Act. Chief Commissioner Mahboob Qadir Shah issued his instructions in cases of Nadeem Anjum Vs. DC Layyah and Zahida Siraj Vs. DC Bahawalpur. He said the deputy commissioner was responsible under Punjab Civil Administration Act 2017 for protection of all state properties, and the losses caused to them due to the illegal occupation. He asked the Punjab chief secretary to order DC Layyah to provide all required information under the RTI Act 2013.

Jang 26.01.2022

سابق ایڈیشنل آئی جی عارف مشتاق چودھری کمشنر پنجاب انفارمیشن کمیشن مقرر

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب حکومت نے سابق ایڈیشنل آئی جی پنجاب ڈاکٹر عارف مشتاق

صفحہ 10 بقیہ نمبر 26

بقیہ	مقرر	26

چودھری کو بطور کمشنر پنجاب انفارمیشن کمیشن مقرر کر دیا۔ انکی تقرری 3 سال کے لئے کی گئی ہے۔ ڈاکٹر عارف مشتاق کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہیں اور وہاں بطور اسسٹنٹ پروفیسر فرائض سرانجام دے چکے ہیں۔ ڈاکٹر عارف کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز کے ممبر بھی ہیں۔ انہوں نے 1987 میں بطور اے ایس پی پولیس فورس جوائن کی۔ ڈاکٹر عارف مشتاق کا تعلق 15 ویں کامن سے ہے۔ وہ پاکستان کے مختلف اضلاع کے علاوہ موٹر وے پولیس، پنجاب ہائی وے پٹرول اور سپیشل برانچ میں اعلیٰ عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ انفارمیشن کمشنر کے طور پر تقرری سے قبل وہ ممبر پنجاب پبلک سروس کمیشن بھی ذمہ داریاں نبھا چکے ہیں۔ چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے ڈاکٹر عارف مشتاق کی تقرری کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی طرف سے ایک فرض شناس اور لائق افسر کی تقرری سے کمیشن کی کارکردگی میں نمایاں اضافہ ہوگا۔ اس سے قبل سابق وفاقی سیکرٹری حسن اقبال نے گزشتہ سال فروری میں بطور انفارمیشن کمشنر استعفیٰ دیدیا تھا جبکہ سعید اختر انصاری بطور انفارمیشن کمشنر مئی 2021 میں 3 سالہ مدت پوری ہونے پر ریٹائر ہو گئے تھے۔ پنجاب انفارمیشن کمیشن میں ایک چیف انفارمیشن کمشنر اور 2 انفارمیشن کمشنر تعینات ہوتے ہیں۔ انفارمیشن کمشنر کی ایک پوسٹ گزشتہ ایک سال جبکہ دوسری گزشتہ 8 ماہ سے خالی پڑی تھی اور صرف چیف انفارمیشن کمشنر اکیلے ہی یہ ذمہ داریاں سرانجام دے رہے تھے۔ ڈاکٹر عارف مشتاق کی تقرری کے باوجود کمیشن میں ایک انفارمیشن کمشنر کی سیٹ تاحال خالی ہے۔

Jang 04.02.2022

معلومات افشاء نہ کرنے پر 10 محکموں کے سربراہوں کو شوکاز نوٹس جاری

LDA، سیکرٹری، میونسپل کارپوریشن، PHA، واسا، پولیس، محکمہ ہیلتھ، ایل ڈبلیو ایم سی، ڈپٹی کمشنر شامل

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمشن نے رائٹ ٹو انفارمیشن کے تحت ویب سائٹس پر معلومات از خود افشاء نہ کرنے پر 10 محکموں کے سربراہان کو شوکاز نوٹس جاری کر

صفحہ 13 بقیہ نمبر 8

بقیہ	شوکاز نوٹس	8

دیئے ہیں۔ ''جنگ'' کو ملنے والی دستاویزات کے مطابق چیف کمشنر محبوب قادر شاہ اور کمشنر ڈاکٹر عارف مشتاق کی طرف سے ڈی جی ایل ڈی اے، سیکرٹری سکولز، سیکرٹری ایکسائز، ڈپٹی کمشنر لاہور، ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن لاہور، ڈی جی پی ایچ اے، ڈی جی واسا، آئی جی پنجاب، آئی جی جیل خانہ جات اور سی ای او ایل ڈبلیو ایم سی جاری شوکاز نوٹسز میں کہا گیا ہے کہ ان محکموں کے حوالے سے 13 کیٹیگریز پر مشتمل بنیادی معلومات از خود افشاء کرنے کے لئے 15 جنوری 2022 کی ڈیڈ لائن دی گئی تھی جس کے باوجود معلومات افشاء نہ کی گئیں۔

Jang 05.02.2022

BACK

7 سالوں میں غیر مسلموں کی عبادت گاہوں پر 6 حملے، کسی کو سزا نہیں ہو سکی، پنجاب انفارمیشن کمیشن کی رپورٹ میں انکشاف

05 فروری 2022

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن کے حکم پر پبلک کی جانے والی رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ گزشتہ 7 سالوں میں صوبے میں غیر مسلموں کی عبادتگاہوں پر 6 حملے ہوئے جس میں 232 ملزمان کا چالان ہوا لیکن کسی کو سزا نہیں ہو سکی۔ پنجاب پولیس کی طرف سے پبلک کی جانے والی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ غیر مسلموں کی عبادتگاہوں پر حملوں کی 6 ایف آئی آر درج ہوئیں جس میں لاہور میں 2 جبکہ شیخوپورہ، اٹک، جہلم اور رحیم یار خان میں ایک ایک مقدمہ درج ہوا۔ 6 مقدمات میں کل 329 ملزمان کو گرفتار کر کے چالان کیا گیا جن میں 2 ملزمان کا تعلق لاہور، 2 کا شیخوپورہ، 1 کا اٹک، 92 کا جہلم اور 232 کا رحیم یار خان سے ہے۔ اٹک کے حملے کا ملزم بری ہو چکا ہے جبکہ باقی ملزمان انڈر ٹرائل ہیں۔

Jang 06.02.2022

BACK

پنجاب، 6 ماہ میں 2439 خواتین زیادتی کا نشانہ بنیں، 9 ہزار اغواء

06 فروری 2022

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن کے حکم پر خواتین اور بچوں پر تشدد کے حوالے سے پبلک کی جانے والی تازہ رپورٹ میں انکشاف ہوا کہ گزشتہ 6 ماہ کے دوران صوبے میں 2 ہزار 439 خواتین کو زیادتی کا نشانہ بنایا گیا جبکہ 9 ہزار 529 خواتین اغوا ہوئیں، جولائی 2021ء سے دسمبر 2021ء تک 22 ہزار 30 خواتین کو تشدد کا نشانہ بنایا گیا جبکہ 428 خواتین گھریلو تشدد کا شکار ہوئیں۔ 90 خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کیا گیا مذکورہ عرصہ میں 897 بچوں کو زیادتی کا نشانہ بنایا گیا جبکہ 204 حافظ آباد میں 12 گیمز کم عمری میں شادیوں کے رجسٹرڈ ہوئے دستاویزات کے مطابق صوبہ بھر میں خواتین پر تشدد کے سب سے زیادہ کیسز لاہور میں درج ہوئے جن کی تعداد 4 ہزار 978 ہے اسی طرح لاہور ہی میں سب سے زیادہ 2 ہزار 330 خواتین اغوا ہوئیں، خواتین کے ساتھ ریپ کے سب سے زیادہ 396 کیسز بھی لاہور میں ہی درج کئے گئے دستاویزات کے مطابق شیخوپورہ میں خواتین کے اغوا کے 423، ریپ کے 78 اور خواتین پر تشدد کے 990 کیسز رجسٹرڈ ہوئے اسی طرح کالا میں خواتین پر تشدد کے 397، اغوا کے 136، ریپ کے 32، قصور میں تشدد کے 1 ہزار 239، اغوا کے 371، ریپ کے 101، گوجرانوالہ میں تشدد کے 777، اغوا کے 309، ریپ کے 78 کیسز رجسٹرڈ ہوئے۔

Jang 07.02.2022

پنجاب کی جیلوں میں ایڈز سے متاثرہ 272 ہیپاٹائٹس سی کے 517 قیدی ہو گئے

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب کی جیلوں میں ایڈز سے متاثرہ 272 جبکہ ہیپاٹائٹس سی کے مرض میں مبتلا قیدیوں کی تعداد 517 ہوگئی، یہ انکشاف محکمہ جیل خانہ جات پنجاب کی طرف

صفحہ 11 بقیہ نمبر 5

بقیہ	پنجاب کی جیل	5

سے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ کے تحت پبلک کی جانے والی معلومات میں ہوا ہے، "جنگ" کو ملنے والے دستاویزات کے مطابق پنجاب کی جیلوں میں ہیپاٹائٹس بی کے 137، ڈیابیٹس کے 460، ذہنی امراض میں مبتلا 59 قیدی ہیں جبکہ 12 قیدیوں کو پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ میں داخل کروایا گیا ہے، ایڈز سے متاثرہ قیدیوں کی سب سے بڑی تعداد 62 راولپنڈی کی اڈیالہ جیل میں ہے جبکہ دوسرے نمبر پر اس مرض میں مبتلا 26 قیدی سنٹرل جیل گوجرانوالہ میں ہیں، دستاویزات کے مطابق مجموعی طور پر ایڈز کے 272 قیدیوں میں سے لاہور ریجن کی جیلوں میں 44، ساہیوال ریجن میں 20، راولپنڈی ریجن میں 80، فیصل آباد ریجن میں 28، سرگودھا ریجن میں 15، ملتان ریجن میں 7، بہاولپور ریجن میں 6 جبکہ ڈیرہ غازی خان ریجن کی جیلوں میں ایڈز سے متاثرہ 4 قیدی ہیں، ہیپاٹائٹس سی سے متاثرہ سب سے زیادہ 112 قیدی سنٹرل جیل گوجرانوالہ میں ہیں جن میں 76 انڈر ٹرائل قیدی ہیں۔

Jang 10.02.2022

بقیہ	پبلک انفارمیشن	19

انفارمیشن قرار دے دیا ہے۔ اس حوالے سے آئی جی پنجاب کو حکم دیا گیا ہے کہ وہ سی سی پی او لاہور سمیت تمام آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز کو ہدایات جاری کریں کہ اگر کوئی شہری تھانوں میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں میں ریکارڈ ہونے والے جسمانی تشدد یا کسی قسم کی زیادتی کے حوالے سے ثبوت کے طور پر رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013ء کے سیکشن 2 الف کے تحت فوٹیج مانگے تو اسے فراہم کی جائے اور ان احکامات کو سختی سے نافذ العمل کروایا جائے۔ پنجاب انفارمیشن کمیشن کی طرف سے یہ احکامات امجد علی بنام ڈی پی او چنیوٹ کیس میں جاری کئے گئے ہیں۔ کمیشن میں کیس کی سماعت کے دوران شکایت کنندہ امجد علی کے وکیل رائے محمد عثمان سلطان بھٹی نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ ان کے موکل امجد علی کو 13 دسمبر 2021 سے 16 دسمبر 2021 تک ضلع چنیوٹ کی تحصیل لالیاں کے تھانہ محمد وال میں 4 روز تک نہ صرف غیر قانونی طور پر حراست میں رکھا گیا بلکہ اس پر جسمانی تشدد بھی کیا گیا۔ اس حوالے سے ڈی پی او چنیوٹ کو رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013ء کے تحت ثبوت کے طور سی سی ٹی وی فوٹیج مانگی لیکن انہوں نے آر ٹی آئی ایکٹ کے سیکشن 13 (1) کی شق (ج) کے تحت شکایت کنندہ کو سی سی ٹی وی معلومات فراہم کے حوالے سے استثناء مانگا۔ رائے عثمان سلطان بھٹی ایڈووکیٹ نے انفارمیشن کمیشن سے کہا کہ انہیں مذکورہ 4 روز کی سی سی ٹی وی فوٹیج عدالت میں الزام ثابت کرنے کے لئے درکار

Jang 16.02.2022

محکمہ اینٹی کرپشن لاہور کو AG آفس کے منظور کردہ پروکیورمنٹ بلز، واؤچرز اور چیکوں کی کاپیوں کی معلومات پبلک کرنیکا حکم

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن

صفحہ 6 بقیہ نمبر 14

بقیہ	حکم	14

کمیشن نے محکمہ اینٹی کرپشن لاہور کو اے جی آفس کی طرف سے منظور ہونے والے پروکیورمنٹ کے بلز، واؤچرز اور چیکوں کی کاپیوں سمیت دیگر معلومات کی تفصیلات پبلک کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ شہباز اکمل ایڈووکیٹ بنام محکمہ انٹی کرپشن لاہور اپیل کیس میں چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ اور انفارمیشن کمشنر ڈاکٹر عارف مشتاق کی طرف سے جاری احکامات میں کہا گیا ہے محکمہ انٹی کرپشن کے پبلک انفارمیشن آفیسر پبلک انفارمیشن کی آر ٹی آئی کے سیکشن 10 کے تحت اگر محکمہ کے لئے کی گئی پروکیورمنٹ کے بلز، واؤچرز اور چیکوں کی کاپیوں اور اخراجات کی سٹیٹمنٹ کی تفصیل بنا کر دے دیتا ہے کہ مذکورہ چیزوں کے لئے کتنا بجٹ مختص ہوا اور کتنا خرچ ہوا تو وہ ثبوت کے طور پر کافی ہوتا۔ پبلک انفارمیشن آفیسر کی طرف سے دی گئی سٹیٹمنٹ کی اہمیت یا قانونی ثبوت کی حیثیت رکھتی ہے۔ انفارمیشن کمیشن نے حکم دیا کہ محکمہ انٹی کرپشن لاہور سے ریجن شکایت کنندہ شہباز اکمل ایڈووکیٹ کی طرف رائٹ ٹو انفارمیشن کے تحت مانگی گئی معلومات کی سٹیٹمنٹ کی مصدقہ کاپی انہیں فراہم کی جائے۔ انفارمیشن کمیشن نے حکم دیا کہ اگر شکایت کنندہ محکمہ انٹی کرپشن کی پروکیورمنٹ اور ان کی رسیدوں کے حوالے سے فراہم کردہ سٹیٹمنٹ سے مطمئن نہ ہوتا تو وہ دوبارہ

Jang 23.02.2022

رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ پر عملدرآمد، پنجاب پولیس پہلے نمبر پر

انٹی کرپشن دوسرے، لاہور انتظامیہ تیسرے نمبر پر رہی، محکمہ جیل کی سب سے ناقص کارکردگی

محکموں کو 20 فروری تک معلومات افشا کرنیکی ڈیڈ لائن دی تھی، چیف انفارمیشن کمشنر کا خطاب

لاہور (آصف محمود سے) پنجاب انفارمیشن کمیشن نے رائٹ ٹو انفارمیشن ایکٹ 2013 پر عملدرآمد کے حوالے سے ایک رپورٹ جاری

صفحہ 11 بقیہ نمبر 7

بقیہ	پنجاب پولیس	7

کی ہے جس کے مطابق کے پنجاب پولیس، انٹی کرپشن، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن لاہور کی کارکردگی کو صوبے بھر میں اول دوم سوم قرار دیا گیا۔ پنجاب انفارمیشن کمیشن نے 10 محکموں کی کی کارکردگی کو آر ٹی آئی کے حوالے سے جانچ کر جو رپورٹ مرتب کی ہے اس میں سب سے ناقص کارکردگی محکمہ جیل خانہ جات پنجاب کی رہی۔ پنجاب انفارمیشن کمیشن کے زیر اہتمام محکمانہ معلومات از خود افشاء کرنے کے حوالے سے الحمرا آرٹ کونسل میں سیمینار منعقد کیا گیا ہے اس موقع پر چیف انفارمیشن کمشنر محبوب قادر شاہ نے 10 محکموں کی کارکردگی کا اعلان کیا۔

Jang 01.03.2022

معلومات تک رسائی میں پاکستان کی کارکردگی بہتر، صحافیوں پر حملے کرنیوالوں کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے: یونیسکو

لاہور (آصف محمود سے) اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو نے آزادی اظہار رائے کے حوالے سے

صفحہ 10 بقیہ نمبر 61

بقیہ	یونیسکو	61

